غزل (۴)

ظفرؔ کلیم

پہلی بات : صنف غزل عربی اور فارسی شاعری کی روایات اور لفظیات لے کر اُردو میں آئی تھی۔ اُردو غزل نے ہندوستانی تہذیب کے اثرات بھی قبول کیے۔ جدید اُردو غزلوں میں جہاں نئے موضوعات اور نئے خیالات ملتے ہیں، وہیں ہندی الفاظ کا استعمال بھی نئے رنگ و آہنگ کا پتا دیتا ہے۔ ذیل کی غزل میں یہ رنگ دیکھا جاسکتا ہے۔

جان پہچان : ظفرؔ کلیم کا اصل نام شمشیر خاں ہے۔ وہ ۵/دسمبر ۱۹۳۸ء کو ناگپور میں پیدا ہوئے۔ عربی فارسی کی تعلیم انھوں نے جامعہ عربیہ اسلامیہ، ناگپور میں حاصل کی۔ ۱۹۵۸ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ وہ ۱۹۶۰ء سے ۱۹۹۰ء تک شعبۂ درس و تدریس سے وابستہ رہے۔ وہ طالب علمی کے زمانے ہی سے شعر کہہ رہے ہیں۔ انھوں نے ابتدا میں روایتی طرز کی شاعری کی اس کے بعد جدید لب و لہجے کی طرف راغب ہوئے۔ 'طلسمِ غزل' (۱۹۸۱ء) اور 'نوائے حرفِ خموش' ان کی غزلوں کے مجموعے ہیں۔

من میں کیا ہے ، بولو نا چپ کیوں ہو ، لب کھولو نا
صدقے تم پر نیند مری میں جاگوں ، تم سولو نا
لب میلے ہوجاتے ہیں عیب کسی کے کھولو نا
جھوٹ سے حاصل کیا ہوگا سچ کے موتی رولو نا
زہر بھرا ہے سانسوں میں ان میں امرت گھولو نا
تن تو دھو دھو صاف کیا من بھی تھوڑا دھولو نا
وہ پانی ، تم آگ ظفرؔ
کیا گتھی ہے ، کھولو نا

معانی و اشارات

لب کھولنا	- کچھ کہنا	Say something
لب میلے ہونا	- برا اثر پڑنا	Resulting bad impact
موتی رولنا	- موتی چُننا	Choosing pearls
امرت گھولنا	- اچھا برتاؤ / اچھی باتیں کر کے ماحول کو موافق کرنا	To soften the rigidity
گتھی	- اُلجھن، راز	Secret, puzzle

مشقی سرگرمیاں

✧ درج ذیل الفاظ کے لیے غزل میں استعمال کیے گئے الفاظ لکھیے۔

ہونٹ دل جسم مشکل

✧ غزل سے متضاد الفاظ کی جوڑیاں تلاش کر کے لکھیے۔

✧ غزل سے صنعتِ تضاد کا شعر تلاش کر کے لکھیے۔

✧ درج ذیل شعر کے بارے میں اپنی رائے لکھیے۔

لب میلے ہو جاتے ہیں عیب کسی کے کھولو نا

✧ درج ذیل اشعار کا مطلب بیان کیجیے۔

۱۔ زہر بھرا ہے سانسوں میں
ان میں امرت گھولو نا

۲۔ تن تو دھو دھو صاف کیا
من بھی تھوڑا دھولو نا

✧ الفاظ کے درمیان مناسب تعلق پہچان کر جوڑیاں لگائیے۔

قافیہ	متعلقہ لفظ
بولو نا	عیب
سولو نا	امرت
کھولو نا	لب
رولو نا	من
گھولو نا	نیند
دھولو نا	موتی

سرگرمی

بوجھو تو جانیں

دائرے کے الفاظ کو خالی کالموں میں 'ابجدی' ترتیب سے لکھیے۔ کالم 1 اور 11 اور 30 اشارتاً ابجدی ترتیب میں دیے ہوئے ہیں۔

الہ، اہانت، اہرام، اغیار، اعتراض، اٹیک، احتمال، اولین، اکسٹرا، افتا، اضحی، انفاس، اتھاہ، اعتکاف، امین، اغوا، اساتذہ، اصیل، ادھیڑ، اکسائز، اظہار، اولیاء، انفاق، اگاڑی، افتاد، اصلاح، اللہ

1	ابابیل
2	
3	
4	
5	
6	
7	
8	
9	
10	
11	اعتدال
12	
13	
14	
15	
16	
17	
18	
19	
20	
21	
22	
23	
24	
25	
26	
27	
28	
29	
30	اہلیت